SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
June 7, 2016
For immediate release

## ایس ای سی پی اور ہائر ایجو کیشن کمیشن کا یونیورسٹیوں کے لئے فیکلٹی ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز

کراچی (۷ جون) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے ہائر ایجو کیشن کمیشن اور ورلڈ بینک کے تعاون سے فیکلٹی ڈویلپمنٹ پروگرام منعقد کیا۔ اس پروگرام میں اسلام آباد، راولپنڈی، کراچی اور پشاور کی مختلف یونیورسٹوں کے دو سو سے زائد طلباء نے شرکت کی۔ یہ پروگرام ایس ای سی پی اور ایچ ای سی کے مابین طے پانے والی ایک مفاہمتی یاداشت کے تحت منعقد کیا گیا۔

ہائر ایجو کیشن کمیشن سندھ کے ریجنل ڈائریکٹر سلمان احمد اور ایس ای سی پی کی ڈائریکٹر انوسٹر ایجو کیشن خالدہ حبیب نے اس پروگرام کا آغاز کیا۔ انہوں نے تعلیمی اداروں اور غیر بینکاری مالیاتی شعبے اور کیپٹل مارکیٹ کے ریگولیٹر کے مابین مالیاتی نظم وضبط اور آگاہی پیدا کرنے کے لئے تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ نئ نسل میں مالیاتی نظم وضبط بہت ضروری ہے تا کہ وہ بچتوں کی اہمیت اور سرمایہ کاری کے مواقعوں سے آگاہ ہوں اور اداروں میں بھی مالیاتی نظم وضبط کی اہمیت کو سمجھیں۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں دیگر شہروں میں بھی ایسے مزید پروگرام منعقد کئے جائیں گے۔ اس موقع پر ایس ای سی پی کے چیئرمین طفر حجازی نے اپنے پیغام میں کہا کہ جدید دور میں ابھرتی اور پھیلتی ہوئی مارکیٹوں کو سمجھنے اور ان سے متعلق چیلنجز کا سامنا کرنے کے لئے ریگولیٹرز اور تعلیمی اداروں کے درمیان پیشہ ورانہ تعلق انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ . کہ سرمایہ کاروں کا تحفظ، ان کو آگاہی فراہم کرنا اور ضروری معلومات کی فراہمی ایس ای سی پی کی انضباتی پالیسی کا اہم حصہ ہے۔ جناب حجازی نے کہا کہ انوسٹر ایجو کیشن کی مہم کا مقصد عام عوام میں مالیاتی معاملات کے حوالے سے معلومات کی فراہمی اور ساتھ ہی مالاتی معاملات میں درست فیصلہ سازی کا فروغ ہے۔

اس موقع پر پاکستان اسٹاک ایکس چینج کے مینجنگ ڈائریکٹر ندیم نقوی، صدر سی ایف ای سوسائیٹی پاکستان اشرف باوا، بینک الفاح کے ڈپٹی جنرل مینجر امین داؤد صالح، نیشنل بینک کی ایسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سی ای او ڈاکٹر امجد وحید، عارف حبیب ڈولمن ریٹ کے طارق موہر اور کئ دیگر مالیاتی انسٹی ٹیوشن کے سر براہان نے خطاب کیا۔

**Media and Corporate Communications Department**
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk